سوال

عمرہ کیلیے احرام کا باندھنا

جواب

مسجد عائشہ (مقام تنعیم) سے عمرہ کا احرام باندھنا؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرے والدین سیاحت کے ویزے پر سعودی عرب آ رہے ہیں۔ میں نے ان کیلیۓ مکان مکہ مکرمہ میں لیا ہے۔ وہ جدہ ائرپورٹ سے سیدھے مکہ آئینگے۔ وہ چاہتے ہے کہ عمرہ دو یا تین دن کے بعد کریں۔ کیا وہ احرام پاکستان باندھیں گے اور عمرہ بھی اسی وقت کریں گے یا یہاں آ کر تین دن بعد مسجد تنعیم سے باندھ کر عمرہ کرلیں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! آپ کے والدین کو چاہیئے کہ وہ عمرہ کی نیت کے بغیر ہی مکہ میں آ جائیں اور دو تین دن بعد میں جب وہ عمرہ کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت مسجد عائشہ پر جا کر احرام باندھ لیں اور عمرہ کرلیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی